سوال

(799) دونوں وظیفوں میں سے کونسا اختیار کروں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں دو عدد پیپر بھیج رہی ہوں۔ ایک امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا لکھا ہوا ہے۔ دوسرے کے متعلق نہیں معلوم کہ یہ کونسے عالم ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ آپ صرف اتنا بتادیں کہ دونوں میںسے کونسا قابلِ ترجیح اور قابلِ عمل ہے؟ (کے طاہرہ) (۷مارچ ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دونوں صفحوں پر مرقوم وظائف سے حسب رغبت پڑھ لیا کریں۔ البتہ وظیفہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا تعلق مخصوص جہت قلق واضطراب سے ہے جب کہ دوسرا وِرد عمومی جملہ حاجات کے لیے ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،تلاوۃِ قرآن: صفحہ:551

محدث فتویٰ